© rasailojaraid.com



مغرب کی اندھی تقلید کے علم برداروں کے درمیان فکری کش مکش سے آگہی، نیز دین کے خلاف سازشیں کرنے والوں کے طریقۂ واردات کی تفہیم اور مقابلے کی حکمت عملی سامنے لاتی ہے۔(میاں محمد اکرم)

**صورِ سرافیل**، منیر احمد۔ ناشر: فاران اکیڈمی، الفضل مارکیٹ، اردو بازار، لاہور۔ صفحات: ۳۴۴۔ قیمت: ۲۰۰ روپے۔

صُورِ سرافیل، ملک کے ایک نمایاں شاعر جناب منیر احمد کے منظوم کلام کا مجموعہ ہے اور اہل فن و فکر کے لیے لائق مطالعہ کتاب۔ ایک صحیح الفکر شاعر کے طور پر حمد، نعت، منقبت اور خانۂ کعبہؐ سے اپنی محبت اور لگاؤ پر مشتمل نظمیں درج ہیں۔ اس کے بعد اہم اور تاریخی صلحاے اُمت، مثلاً قائداعظم، علامہ اقبال، سید مودودی، وغیرہ کو خراجِ تحسین پیش کیا ہے، اور نظموں کے اس مجموعے کا نام 'شخصیات و تحریکات' ہے۔ اگلا عنوان 'اسلام اور مسلمان' ہے، جو خاصی تعداد کی نظموں پر حاوی ہے۔ اس کے بعد سیاسیات، ادبیاتِ حاضرہ، الباقیات الصالحات، عالمِ اسلام، کیفیات اور غزلیات کے عنوانات سے نظمیں اور غزلیں شامل ہیں۔

ان کے اندازِ تحریر میں اصل بات قدرتِ اظہار ہے۔ وہ جس موضوع پر قلم اٹھاتے ہیں اس میں معقولیت اور استدلال ملتا ہے، نہ کہ محض جذباتیت۔ یہ مجموعۂ کلام واقعی مسلم ذہنوں کو جھنجھوڑ کر آمادۂ کار بنانے کے لیے اپنے اندر بہت کچھ مواد رکھتا ہے۔ بجاطور پر اسے صُورِ سرافیل کا نام دیا گیا ہے۔(آسی ضیائی)

## تعارف کتب

☆ **حدود آرڈی ننس، حقیقت اور فسانہ**، مرتبہ: ڈاکٹر سید عزیز الرحمٰن۔ ناشر: زوار اکیڈمی پبلی کیشنز، اے-۴/۱۷، ناظم آباد نمبر۴، کراچی۔ فون: ۶۶۸۴۷۹۰۔ صفحات: ۱۱۱۔ قیمت: ۵۵ روپے۔ [اپنے موضوع پر مختصر، جامع اور جدید نقطۂ نظر پر مبنی مفید کتاب۔ حدود قوانین پر جاری میڈیا مہم عروج پر ہے جو مغرب کے مذموم مقاصد کی تکمیل کا ذریعہ ہے۔ صحیح صورت حال اور وضاحت کے لیے پیش نظر کتاب مرتب کی گئی ہے۔ چند موضوعات: ○ حدود آرڈی ننس ۱۹۷۰ء ○ حدود آرڈی ننس پر اعتراضات کا جائزہ ○ تحفظ نسواں بل پر علما کمیٹی کی سفارشات۔]

© rasailojaraid.com